www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com

جیلانی کے فرمودات کی روشنی میں اپنے موقف کو واضح کیا ہے۔ اور حق یہ ہے کہ مسئلہ وسیلہ کو منقح کر دیا ہے۔

کتاب چار ابواب پر مشتمل ہے۔ پہلے باب میں توسل کے معنی مستند حوالوں سے بیان کیے گئے ہیں دوسرے باب میں توسل بالذات کے حامی فریق کے دلائل اور ان پر تبصرہ و بحث ہے۔ یہ تبصرہ و بحث نہایت علمی اور تحقیقی اسلوب میں ہے۔ تیسرے باب میں قرآن کریم، احادیث نبوی، اقوال محدثین اور ائمہ مجتہدین کی روشنی میں توسل بالذات کے باطل ہونے کے دلائل پیش کیے گئے ہیں۔ یہ باب کتاب کی جان ہے۔ چوتھے باب میں سماع موتیٰ یعنی کیا مردے [illegible] کے موضوع پر بحث ہے جسے بڑے عالمانہ انداز میں نبھایا گیا ہے۔

وسیلہ اور سماع موتیٰ کے موضوع پر یہ ایک گراں قدر کتابچہ ہے۔ اول اول مولانا عبدالستار صاحب کلانوریؒ نے حقیقت التوسل والوسیلہ کے نام سے تصنیف فرمایا تھا اور پھر موجودہ شکل میں کچھ اضافہ کے ساتھ مولانا عبدالستار صاحب محدث دہلوی سابق امام جماعت غرباء اہلحدیث نے طبع فرمایا۔ یہ کتاب دو روپے میں کتب خانہ اشاعت الکتاب والسنہ گلی نمبر ا بنس روڈ کراچی نمبر ا سے منگوائی جا سکتی ہے۔

تفسیر مظہری

فتح البیان، ابن عباس، الکبیر، جلالین، صحاح ستہ، زوائد لابن حبان، ریاض الصالحین، المشکوٰۃ مع الترغیب والترہیب، زاد المعاد مع سیرۃ النبوی لابن ہشام، المنتقیٰ لابن تیمیہؒ مع مسند دارمی، ابوداؤد مع حاشیہ از علامہ محمد ابراہیم، اہلحدیث (نایاب نسخہ) عون المعبود، تحفۃ الاحوذی، طبقات الحنابلہ، سبل السلام، سیرۃ النبوی لابن ہشام، البدایہ والنہایہ، تذکرۃ الحفاظ، الطبقات لابن سعد، البدر الطالع للشوکانی، الفصل فی الملل والاہواء والنحل لابن حزم مع الملل والنحل للشہرستانی، تثبیت دلائل النبوۃ، روض الریاحین، فصوص الحکم، المستطرف، مجمع الامثال، فتح المجید شرح کتاب التوحید، ریاض الصالحین مترجم غزنوی، مشکوٰۃ مترجم غزنوی، غنیۃ الطالبین مترجم، صحاح ستہ مترجم وغیرہ۔

رحمانیہ دار الکتب امین پور بازار لاہور

© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ